BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# کووڈ-19 (کرونا وائرس) کی وجہ سے سٹی آف برامپٹن اپنی ملکیتی سہولت گاہوں میں موجود اپنے کرایہ داروں اور غیر منافع بخش تنظیموں کو کرایہ کی مد میں ریلیف دے رہا ہے

برامپٹن، آن (1 اپریل 2020) - آج میئر پیٹرک براؤن نے اعلان کیا ہے کہ سٹی اپنی تمام 41 سہولت گاہوں میں موجود چھوٹے کاروباری اداروں اور غیر منافع بخش تنظیموں کو کرایوں میں خاطر خواہ ریلیف دے گا۔

کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد دینے کے لیے پیل پبلک ہیلتھ کی ہدایات کے مطابق سٹی کی تمام سہولت گاہیں تاحکم ثانی بند رہیں گی۔ موجودہ وقت کے انتہائی غیر متوقع اور مشکل لمحات میں سٹی کو اس بات کا احساس ہے کہ سٹی کی سہولت گاہوں میں موجود کرایہ دار کاروباری اداروں اور تنظیموں کے مالی حالات کچھ اچھے نہیں ہیں۔

سٹی اسٹاف کی سفارش کی روشنی میں، شہر اپنے غیر منافع بخش اور چھوٹے منافع بخش کرایہ داروں کے لیے تین ماہ کی مدت کے لیے کرایہ کی ادائیگی کو مؤخر کر رہا ہے جبکہ اپنے ایسے غیر منافع بخش کرایہ داروں کی ادائیگیوں کو 3 ماہ کی مدت کے لیے معاف کردے گا جو نئے وفاقی پروگرام تک رسائی حاصل کرنے سے قاصر ہیں۔ اس ریلیف سے سٹی کے 81 کرایہ داروں میں سے نصف سے زیادہ مستفید ہوں گے۔

موجودہ صورت حال کے پیش نظر سٹی کے کچھ کرایہ داروں کے کام کو صوبائی احکامات کی وجہ سے زبردستی بند کرا دیا گیا ہے کیونکہ ان کے کاروبار نہایت ضروری نہیں تھے جبکہ کچھ کرایہ داروں نے جسمانی فاصلوں کو برقرار رکھنے کے عمل میں مدد دینے کے لیے رضاکارانہ طور پر بھی اپنے کام بند کر دیے ہیں۔

کونسل کو اپنے 8 اپریل کے کونسل کے اجلاس کی ایک رپورٹ میں اس فیصلے سے متعلق معلومات موصول ہو گی۔
سٹی برامپٹن کے رہائشیوں کو باخبر رکھنے کے لیے پرعزم ہے اور کووڈ-19 کے خلاف اپنے ردعمل کے حوالے سے خبریں حاصل ہوتے ہیں فراہم کرتا رہے گا۔ مندرجہ بالا فیصلوں اور کرونا وائرس کے ردعمل میں کمیونٹی کو معاونت فراہم کرنے کی سٹی کی تمام کوششوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں www.brampton.ca/COVID19 یا ٹویٹر CityBrampton@، فیس بک اور انسٹاگرام پر فالو کریں۔

**فوری حقائق**

- موجودہ طور پر سٹی کے پاس اپنی 41 سہولت گاہوں میں 81 کرایہ دار موجود ہیں۔
- موجودہ طور پر سٹی کو کرایہ کی مد میں ماہانہ 302,134.68$ حاصل ہوتے ہیں۔ سٹی کی ملکیتی عمارتوں میں موجود غیر منافع بخش تنظیموں کو 3 ماہ کا کرایہ معاف کرنے سے سٹی کے کرایہ میں 202$ ہزار کی کمی آئے گی۔
- موجودہ طور پر سٹی نے کسی کرایہ دار کو عمارت میں جانے سے منع نہیں کیا اور انہیں بتا دیا گیا ہے کہ اپنے کاروباروں کو بند کرنا یا نہ کرنا ان کا اپنا ذاتی فیصلہ ہو گا اور ضرورت پڑنے پر سٹی اپنے کرایہ داروں کو اپنی کاروباری جگہوں تک رسائی دینے کا عمل جاری رکھے گا۔ تاہم، موجودہ طور پر وقوع پذیر ہونے والے غیر مثالی حالات کے پیش نظر کچھ کرایہ داروں نے ہم سے پوچھنا شروع کر دیا ہے کہ آیا انہیں کوئی ریلیف دیا جائے گا یا نہیں۔

**اقتباسات**

"موجودہ کٹھن مالی حالات کے پیش نظر اپنے چھوٹے کاروباری اداروں اور غیر منافع بخش تنظیموں کو معاونت فراہم کرنا نہایت ضروری ہے۔ چونکہ سٹی ہال اور سٹی کی سہولت گاہیں تاحکم ثانی بند رہیں گی، لہٰذا سٹی نے اپنے فروخت کنندگان کی ادائیگیاں 30 دن کی بجائے 14 دن پر منتقل کر دی ہیں۔ آج ، ہم شہر کی چھوٹی منافع بخش اور غیر منافع بخش تنظیموں کے کرایہ داروں کے لیے کرایہ سے متعلق براہ راست امداد کے لیے کچھ اضافی اقدامات اٹھا رہے ہیں تاکہ ہم ان گروہوں اور چھوٹے کاروباری اداروں کی کچھ مدد کرسکیں جو برامپٹن کی کمیونٹی کے تانے بانے کا ایک اہم حصہ ہیں۔
- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

# BRAMPTON

## Media Release

"سٹی اپنی 41 سے زیادہ سہولیات گاہوں میں ہمارے چھوٹے کاروباری اداروں اور غیر منافع بخش تنظیموں کے کرایہ داروں کا ایک معاون شراکت دار ہے۔ چونکہ صوبائی اور پبلک ہیلتھ کی ہدایت پر شہر کی سہولت گاہیں بند ہیں، لہٰذا سٹی اپنے ایسے کاروباری اداروں اور تنظیموں کو بھی ریلیف فراہم کررہا ہے جو عام حالات میں سٹی کے لیے آمدن کا ایک معقول ذریعہ ہوتے ہیں۔ آج کا اعلان کووڈ-19 کے دوران ان کی جاری کاروباری ضروریات میں معاونت فراہم کرے گا اور آئندہ مہینوں میں ہم ان کے ساتھ باہمی تعاون کے ساتھ کام جاری رکھیں گے۔

- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن

"ہمارے لیے اب پہلے سے بھی کہیں زیادہ یہ بات اہم ہے کہ ہماری کمیونٹی کووڈ-19 کے اثرات سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے لوگوں کے تحفظ کے لیے امدادی سرگرمیاں جاری رکھے۔ آج کا اعلان بوائز اینڈ گرلز کلب آف پیلز کے لیے ایسا کرنے میں معاون ثابت ہو گا۔ اس وقت کے دوران برامپٹن کے نوجوان طبقے کے لیے ہمدردیوں اور مسلسل حمایت پر، میں سٹی آف برامپٹن اور کونسل کا تہہ دل سے مشکور ہوں اور ان کے یہ اقدامات انتہائی قابل ستائش ہیں۔"

- مائیکل جے گیووے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، بوائز اینڈ گرلز کلب آف پیل

"اسپورٹ فکس (SportFix) نے 30 سال سے زیادہ عرصے سے برامپٹن کو اپنا گھر مانا ہوا ہے، جو ہماری صحتمند اور فعال کمیونٹی کو کھیلوں کی پیشہ ورانہ خدمات مہیا کر رہا ہے۔ اگرچہ کووڈ-19 کے نتیجے میں ساؤتھ فلیچر کے اسپورٹس پلیکس میں ہمارے مرکزی مقام پر ہمیں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ، مگر سٹی آف برامپٹن کی جانب سے آج کے اعلان کو اس مشکل وقت کے دوران انتہائی راحت کے طور پر محسوس کیا جا رہا ہے۔"

- مائیکل گؤٹ، مالک، اسپورٹس فکس

30--

**کنیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال

کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ

اسٹریٹیجک کمیونیکیشن

سٹی آف برامپٹن

905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca